یقین سے جیو!

اُولالا 50 فیصد ڈی ایف

اب رَس چوس کیڑوں سے یقینی نجات




منفرد
DF
فارمولیشن



جاپان سے
درآمد شدہ

اُولالا کی نمایاں خصوصیات



- ایک ہی اسپرے سے سفید مکھی ایفڈ اور دیگر رس چوسنے والے کیڑوں کا خاتمہ۔
- پتوں میں آر پار جذب ہونے کی خاصیت کی وجہ سے چھپے ہوئے رس چوس کیڑوں پر بہترین کنٹرول۔
- منفرد طریقہ ءاثر سے قوت مدافعت رکھنے والے کیڑوں کا مکمل خاتمہ۔
- پودوں میں سرائیت پذیری کی وجہ سے پودے کے ہر حصے میں موجود کیڑوں پر بھرپور اثر۔
- دوست کیڑوں کے لیے نسبتاً محفوظ لہٰذا آئی پی ایم (IPM) پروگرام کے لیے موزوں ترین۔
- فصل کم از کم 2 ہفتوں تک رس چوس کیڑوں کے حملوں سے محفوظ۔
- اسپرے کے چند گھنٹوں بعد بارش کی صورت میں بھی اثر برقرار۔
- اسپرے کی باقیات کی حد کم ہونے کی وجہ سے ایکسپورٹ والی فصلوں کے لیے بے ضرر۔
- فصل کے ہر مرحلے پر رس چوس کیڑوں کے لیے مؤثر۔

سفارشات برائے استعمال

فصل	کیڑے	شرح استعمال
کپاس	ایفڈ	40-56 گرام فی ایکڑ
گھیاتوری	سفید مکھی	80 گرام فی ایکڑ
آلو		56-80 گرام فی ایکڑ
بیلدار سبزیاں		
کھیرا، ماڑو کدو	ایفڈ	40-56 گرام فی ایکڑ
حلوہ کدو، سردا		

اُولالا کے اسپرے کیلئے 140-150 لیٹر پانی فی ایکڑ استعمال کریں۔

اُولالا اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ: کپاس 7 دن اور سبزیاں 1 دن۔



LCI
LUCKY CORE INDUSTRIES

#JourneyOfEnrichingLives


YBG

لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ۔ ایگری سائنسز
63-مزنگ روڈ لاہور۔
ہیلپ لائن: 0800-73337

اُولالا 50 فیصد ڈی ایف

اُولالا ایک جاپانی کمپنی ISK کی ایجاد ہے جو دنیا کے 40 سے زائد ممالک میں انتہائی کامیابی سے رَس چُوس کیڑوں کے خلاف استعمال کی جارہی ہے۔ لکی کورانڈسٹریز لمیٹڈ جاپان کی اس موجد کمپنی سے **اُولالا** کو درآمد کر کے پاکستان میں کاشتکاروں کیلئے مہیا کر رہا ہے۔

اُولالا کا تعلق زہروں کے جدید گروپ پائریڈنکاربوکسامڈ (Pyridinecarboxamide) سے ہے۔





اُولالا ایک منفرد نوعیت کا کیڑے مار زہر ہے جو کہ رَس چُوسنے والے کیڑوں کے خاتمے کیلئے انتہائی مؤثر ہے۔

اُولالا ایک سرائیت پذیر زہر ہے۔

اسپرے کے بعد **اُولالا** میں موجود زہر پودے میں سرائیت کرنے کے بعد اوپر کی طرف (Acropetal) حرکت کرتا ہے۔

لہٰذا اسپرے کرتے وقت اس بات کو یقینی بنائیں کہ پودے کے نچلے حصوں پر اسپرے کی پھوار ٹھیک طریقے سے پہنچے۔

اُولالا کی منفرد DF فارمولیشن

لکی کورانڈسٹریز لمیٹڈ کا **اُولالا** منفرد ڈی ایف فارمولیشن کی وجہ سے مارکیٹ میں موجود روائیتی ادویات میں نمایاں مقام رکھتا ہے۔

اُولالا کی منفرد DF فارمولیشن کے فوائد

اُولالا کی منفرد ڈی ایف فارمولیشن پانی میں فوراً حل پذیر ہو کر یکساں محلول بناتی ہے۔ **اُولالا** ڈی ایف کے باریک ذرات پتوں پر ہموار سطح بنا لیتے ہیں اور پتوں پر چپکنے کی بہترین صلاحیت کی وجہ سے بارش کے بعد بھی اپنا اثر برقرار رکھتے ہیں جسکی وجہ سے رَس چُوس کیڑوں پر لمبے عرصے کا کنٹرول ملتا ہے۔

اُولالا ایک نئی اور منفرد ایجاد ہے جو کہ بالکل مختلف طریقوں سے رَس چُوسنے والے کیڑوں کا خاتمہ کرتی ہے اور اسے دوسرے روایتی زہروں سے نمایاں مقام دلاتی ہے۔

اُولالا تین مختلف طریقوں سے رَس چُوس کیڑوں پر وار کر کے ان کی ہلاکت کا باعث بنتا ہے۔

پہلا طریقہ اثر

اُولالا سے اسپرے شدہ پودوں کا رَس چُوسنے کے نتیجے میں کیڑوں کی خوراک کی نالی زیادہ سے زیادہ آدھے گھنٹے کے اندر بند ہو جاتی ہے اور کیڑے مزید رَس چُوسنے کے قابل نہیں رہتے۔ اسپرے کے بعد اگر کچھ دن زندہ کیڑے فصل میں نظر بھی آئیں تو گھبرانے کی کوئی بات نہیں کیونکہ مسلسل بھوکا رہنے کی وجہ سے بالآخر ان کیڑوں کی موت واقع ہو جاتی ہے۔



دوسرا طریقہ اثر

اُولالا کے اسپرے سے متاثرہ کیڑوں کا ردِعمل متاثر ہوتا ہے۔ جیسا کہ نر اور مادہ کیڑے باہمی ملاپ کے لیے ایک دوسرے کو ڈھونڈ نہیں پاتے اور رَس چُوس کیڑوں کو نسل بڑھانے کا موقع نہیں ملتا۔

تیسرا طریقہ اثر

اُولالا کا رَس چُوس کیڑوں پر اسپرے کے بعد مادہ کیڑوں کی انڈے دینے کی صلاحیت میں کمی آجاتی ہے۔ مزید یہ کہ انڈوں سے بچوں کے نکلنے کی شرح میں خاطر خواہ کمی، کیڑوں کی افزائش نسل میں رکاوٹ کا باعث بنتی ہے۔